## سوال

(201) نفسیاتی حالت انکار کا جواز فراہم کرتی ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شدید قسم کی نفسیاتی حالت یا کسی تکلیف دہ بیماری کے وقت اگر بیوی اپنے خاوند کے مطالبے پر اسے قریب آنے سے منع کر دے، تو کیا اس صورت میں بیوی گناہ گار ہوگی؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر خاوند بیوی کو اپنے بستر پر بلائے تو بیوی پر اس کی تعمیل ضروری ہے۔ لیکن اگر وہ کسی نفسیاتی یا جسمانی بیماری کی وجہ سے اس مطالبے کی تعمیل کرنے سے قاصر ہے تو اس حالت میں خاوند کے لیے ایسا مطالبہ کرنا جائز نہیں ہے۔ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

(لَاضَرَرَوَلَاضِرَارَ) (رواہ ابن ماجہ فی کتاب الاحکام 17 واحمد بن حنبل 5 327)

''تکلیف اٹھانا اور کسی کو تکلیف پہنچانا جائز نہیں ہے۔''

لہذا اسے توقف کرنا چاہیے، یا کسی غیر مضر طریقے سے اپنی خواہش پوری کرنی چاہیے۔۔۔ شیخ محمد بن صالح عثیمین۔۔۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ برائے خواتین

## میاں بیوی کے مابین معاشرت، صفحہ: 216

## محدث فتویٰ